www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com

۱۲ — وُلِدَ فِيْ جَوْفِ الْكَعْبَةِ قَبْلَ قُدُوْمِ الْفِيْلِ بِثَلَاثَ عَشْرَةَ سَنَةً (خلاصہ تہذیب الکمال ص ۹۰)

کہ حکیم کی ولادت عام الفیل سے تیرہ برس قبل کعبہ کے اندر ہوئی۔

---

شعر و ادب

## "موت خود چارہ گر بھی ہوتی ہے"

(عبدالرحمٰن عاجز مالیرکوٹلوی)

نور قلب و جگر بھی ہوتی ہے — اور نظر فتنہ گر بھی ہوتی ہے
بات کو صرف رائگاں نہ سمجھ — بات جادو اثر بھی ہوتی ہے
زندگی کا کہیں سراغ نہ ہو — زندگی یوں بسر بھی ہوتی ہے
راہ الفت میں گردِ رہ سے نہ ڈر — گرد رہ راہبر بھی ہوتی ہے
شام غم کو تو دائمی نہ سمجھ — شام غم کی سحر بھی ہوتی ہے
عقل کے رو برو ہوا جو ہوا — عقل یوں بے خبر بھی ہوتی ہے
ماند پڑ جائے بجلیوں کی چمک — آہ - یوں جلوہ گر بھی ہوتی ہے
جس کی جانب نظر نہیں اٹھتی — ایک ایسی نظر بھی ہوتی ہے
جو دوا ہو برائے دردِ سر — وہ دوا درد سر بھی ہوتی ہے
موت جس کا نہیں کوئی چارہ — موت خود چارہ گر بھی ہوتی ہے
ہر کسی راہ پر نہ چل اے دوست — رہ کوئی پر خطر بھی ہوتی ہے
زندگی کو طویل کر نہ خیال — زندگی مختصر بھی ہوتی ہے

قبر باغِ بہشت بھی عاجز
قبر نارِ سقر بھی ہوتی ہے

© rasailojaraid.com
محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ